اکسیر: نہایت مؤثر دوا۔ کیمیا' وہ شے جو تانبے کو سونا اور پیتل کو چاندی بنا دے۔

اکلِ حلال: حلال کی روزی

الی الحق: حق کی طرف۔ اللہ تعالیٰ کی طرف

اُلش: پس خوردہ' بچا ہوا' سامنے کا کھانا

اِلقا: ڈالنا۔ غیب سے دل میں ڈالنا۔ وہ بات جو خدا دل میں ڈال دے۔

اُلوہیت: خداوندی۔ شانِ خداوندی۔ ربانیت

اِلہام: اس کو حکمت' علم لدنی' فیض' فتح اور کشف سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ یہ وہ علم ہے جو اولیاء اللہ کے قلوب پر خدا کی جانب سے نازل کیا جاتا ہے۔ جو علم انبیاء اور رسولوں کو عنایت ہوتا ہے وہ وحی ہے اور اگر اُس کی تلاوت بھی ہوتی ہو تو وہ وحیِ متلو ہے' جیسا کہ قرآن' توریت' انجیل' زبور۔ اگر اس کی تلاوت نہ ہو تو حدیث سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ وحیِ خداوندی خلل اور غلطی سے بالکل محفوظ ہے۔ الہام میں غلطی کا احتمال ہوتا ہے۔ اس لیے بسا اوقات انسان القاءِ شیطانی

چوں دو کس برہم زند بے ہیچ شک
جب دو انسان آپس میں ملتے ہیں

درمیاں شاں ہست قدرِ مشترک
تو اُن میں کوئی نہ کوئی قدرِ مشترک ضرور ہوتی ہے

کو الہام ربانی سمجھ بیٹھتا ہے۔

الٰہی نامہ: حضرت شیخ فرید الدین عطارؒ کی فارسی شاعری کا رسالہ جس میں تصوف کے گہرے اور نازک مسائل کو نثر کی سی روانی اور سادگی سے بیان کیا گیا ہے۔

امرِ کُن: کُن (ہو جا) کا فرمان

اِمعان: لغوی معنیٰ چشمہ کو جاری کرنے اور روانہ کرنے کے ہیں۔ چونکہ روح جسم سے جدا ہو کر روانہ ہوتی ہے۔ اس لیے اُس کو رواں کہتے ہیں۔ لہٰذا امعان کے معنیٰ نظر کو گہرائی کی طرف روانہ کرنے کے ہوئے۔

اُمید و بیم: امید اور ڈر۔ مشتبہ حالت

اُمّی: مراد رسول کریمؐ ہیں۔ آپؐ کا لقب ہے۔ آپ نے دنیا کے کسی مکتب میں تعلیم نہ پائی تھی۔ اور نہ ہی کسی دنیاوی استاد سے علم حاصل کیا تھا۔

انا الحق: میں خدا ہوں۔ حضرت منصورؒ محویت کے عالم میں یہ کلمہ کہہ اٹھے اور علماء نے سولی پر لٹکا دیا۔

انانیت: خودی۔ غرور۔ خود بینی

اِنبساط یا بسط: خوشی۔ کھلنا۔ شادمانی۔ وہ کیفیت جس میں مسلسل وارداتِ قلبی کی وجہ سے روح میں نشاط رہتا ہے۔

اِنجذاب: جذب کرنا یا ہونا

انجیل: الہامی کتاب جو کہ حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی۔

اَنسؓ بن مالک: آپؓ مالک کے بیٹے تھے اور آپ کی والدہ کی کنیت اُمِ سلیمؓ تھی۔ مالک کے بعد حضرت اُمِ سلیمؓ نے حضرت ابو طلحہ انصاریؓ سے شادی کر لی۔ حضرت انسؓ کی تربیت حضرت ابو طلحہؓ نے کی۔ جب رسول کریمؐ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو حضرت انسؓ دس سال کے تھے۔ حضرت ابو طلحہؓ نے آپؓ اور آپؓ کی والدہ کو رسول کریمؐ کی خدمت پر مامور کر دیا۔ انہوں نے نہایت ہی خوش اسلوبی سے دس سال تک آپؐ کی خدمت کی اور خادمِ خاص کا رُتبہ پایا۔ آپؐ حضرت انسؓ سے بہت خوش تھے اور بہت دعائیں دیتے تھے۔ حضرت عمر فاروقؓ کے دورِ خلافت میں آپ بصرہ میں آباد ہو گئے تھے۔ ۹۱ ہجری میں آپ کا بصرہ ہی میں وصال ہوا۔ بصرہ میں رہنے والے صحابہ کرام میں آپ کا سب سے بعد میں وصال ہوا۔

اِنشراح: کھلنا۔ کشادہ ہونا۔

اِنشراحِ صدر: سینے کا کشادہ ہونا

اِنشراحی: وہ حالت جس میں احوال کھلے ہوئے اور واضح ہوں۔

اَنفَس: بہت نفیس۔ بہت اچھا۔

اَنفُس: نفوس۔ روحیں

اِنفعال: الگ ہونا۔ جدا ہونا

اَنفاس: نفس کی جمع۔ سانسیں۔ دم

اِنقطاع: منقطع ہونا۔ کاٹا ہوا ہونا۔ بریدہ ہونا۔

انگبیں: جنت میں شہد کی نہر

اوقیہ: وزن کرنے کا ایک قدیم پیمانہ جو چالیس درہم کے وزن کے

ہر پرندہ اپنے ہم جنس کے ساتھ ہی اُڑتا ہے
کہ پَرد مُرغے مگر با جنسِ خود

صُحبتِ ناجنس گورست و لحد
کیونکہ ناجنس کی صُحبت قبر کی طرح ہے

برابر ہوتا تھا۔

اَوہام: وہم کی جمع۔ذہنی تصور

اہرمن: قدیم ایرانیوں کے عقیدہ کے مطابق وہ خدا جو شر کا خالق ہے۔

اَہرن: سندان۔لوہے کی بنائی ہوئی جس پر لوہار لوہا کوٹتے ہیں اور سنار سونا چاندی گھڑتے ہیں۔

اویس قرنیؒ: آپؒ عامر کے بیٹے تھے اور یمن کے علاقہ قرن کے باشندے تھے۔آپؒ کو رسول کریمؐ سے والہانہ عشق تھا۔چونکہ اُن کی والدہ اُن کی خدمت کی محتاج تھیں۔اس وجہ سے اُن کی رسول کریمؐ کی خدمت میں حاضری نہ ہوسکی۔آخری عمر میں بصرہ میں آکر آباد ہوگئے تھے۔حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے زمانہ خلافت میں اُن کو نبی کریمؐ کا سلام پہنچایا اور دعا کی درخواست کی۔حضرت اویس قرنیؒ کی نسبت سے نسبت اویسیہ وہ نسبت کہلاتی ہے جو کسی مرید کو شیخ سے جسمانی ملاقات کے بغیر حاصل ہوجائے۔

اہلِ اللہ: اللہ والے۔اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم

اہلِ دید: دیکھنے والے لوگ۔صاحب نظر۔صاحب باطن

اہلِ شنید: سننے والے لوگ

اہلِ شقاوت: بدنصیب لوگ۔سنگدل لوگ

اہلِ ارشاد: وہ اولیاءؒ ہیں جن کے سپرد مخلوق کی ہدایت، قلوب کی اصلاح و تربیت اور اللہ کا قرب حاصل کرنے کی تعلیم ہوتی ہے، ان اولیاء میں سے اپنے زمانے میں سب سے افضل کو "قطب الارشاد" کہتے ہیں۔

اہلِ تکوین: وہ اولیاء اللہ جن کے سپرد مخلوق کے معاش کی اصلاح، دنیا کا انتظام کرنا ہوتا ہے اُن میں سے سب سے افضل کو قطب التکوین کہتے ہیں۔

اَتھاہ: جس کی گہرائی کا پتا نہ چلے۔

اینٹھن: مروڑ۔کھچاؤ

(ب)

بادِ خزاں: پت جھڑ کی ہوا

بادِ بہاری: موسم بہار کی تازہ ہوا

بادِ سموم: بہت گرم ہوا۔لُو

باطن: پوشیدہ چیز۔اندرون۔ظاہر کی ضد

باربردار: بوجھ اُٹھانے والا

بازیچہ: کھلونا

بالیدگی: افزائش۔بڑھوتی

بام: بالائی منزل۔صبح۔سویرا

باہ: قوتِ مردی۔قوتِ جماع

بایزید بسطامیؒ: آپؒ کا اصل نام طیفور تھا۔آپ سے جو سلسلہ تصوف جاری ہوا وہ سلسلہ طیفوریہ کہلاتا ہے۔طریقت اور تصوف کے دوسرے سلسلے بھی آپ تک پہنچتے ہیں۔ریاضتوں، مجاہدات اور کرامات میں یکتا اور فرد تھے۔حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے تھے کہ "اولیاء اللہ میں آپؒ کا وہی مقام ہے جو فرشتوں میں حضرت

در جہاں ہر چیز چیزے می کشد
دُنیا میں ہر چیز دُوسری چیز کو کھینچتی ہے

کُفر کافر را و مُرشد را رُشد
کُفر کافر کو اور ہدایت دینے والا ہدایت لینے والے کو

جبرائیل ؑ کا"۔ شہر بسطام میں ۱۴ ارشعبان ۲۳۲ھ کو آپ نے وصال فرمایا۔

بخارا: ماوراء النہر یعنی ترکستان کا ایک مشہور شہر جو کہ تجارت کا مرکز ہونے کے ساتھ علماء و فضلاء کا مولد و مسکن رہا ہے۔ مولانا رومؒ کے دور میں بخارا شہر تمدنی ترقیات کا گہوارہ تھا اور علمائے ظواہر کا وہاں پر مجمع تھا۔ امام بخاریؒ یعنی امام اسماعیل بخاریؒ مؤلف صحیح بخاری اسی شہر کے رہنے والے تھے اور یہیں مدفون ہیں۔ اس وقت یہ روس کی آزاد ریاست ازبکستان کے صوبہ بخارا کا صدر مقام ہے۔

بختی اونٹ: اُس نسل کا اونٹ جو بخت نصر نے عربی اونٹنی اور عجمی اونٹ سے بنائی تھی۔ یہ سُرخ رنگ کا عظیم الجثہ اونٹ ہوتا ہے۔

بدوں: ماسوا۔ بغیر

بدرجہ اتم: مکمل طور پر

بدطینت: بری عادت والا۔ بدخصلت

برات: نجات۔ آزادی چھٹکارا

بُراق: وہ بہشتی چوپایہ جس پر حضورؐ شب معراج کو سوار ہو کر آسمانوں پر تشریف لے گئے۔

بُردہ: غلام

بُردہ فروش: غلاموں کی تجارت کرنے والا

بُردبار: برداشت کرنے والا۔ متحمل۔ صابر

بَرزخ: دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز۔ مرنے کے بعد قیامت تک کا زمانہ

بَر: خشکی۔ جنگل۔ بیاباں

برگشتہ: بچھڑا ہوا۔ منحرف۔ مخالف

برگ: پتا۔ ورق

بزم: مجلس، محفل

بساط: فرش۔ ہمت، طاقت۔ چوسر اور شطرنج کھیلنے کا کپڑا یا لکڑی

بسیط: کشادہ۔ وسیع

بسیار: بہت زیادہ۔ بے انتہا

بسیار گوئی: بہت زیادہ بولنا

بشرہ: چہرہ۔ حلیہ۔

بصیرت: بینائی۔ دل کی بینائی۔ عقلمندی۔ دانائی

بَعث: مردے کو زندہ کرنا۔ پیغام بر بھیجنا۔

بَعید: دور۔ فاصلے پر۔ علیحدہ۔ قیامت

بغداد: عرب کا مشہور شہر اور عراق کا دارالخلافہ۔ اسے نوشیرواں بادشاہ نے آباد کیا۔ اس کا اصل نام باغ داد تھا۔ نوشیرواں بادشاہ یہاں ہفتہ میں ایک دفعہ مظلوموں کی دادرسی کیا کرتا تھا۔ کثرت استعمال کی وجہ سے الف "ا" حذف ہو کر بغداد رہ گیا۔ یہ دریائے فرات کے کنارے پر آباد ہے۔ خلفائے عباسیہ کا دارالخلافہ رہنے کی وجہ سے دنیا کے مشہور شہروں میں سے ہے۔ علم و ادب اور شان و شکوہ کا مظہر رہ چکا ہے۔ ہلاکو خان تاتاری کے حملہ کے بعد جس میں اس شہر کے سوا لاکھ افراد قتل ہوئے، اپنی پہلی شان و شوکت پر نہ رہا۔ حضور غوث پاک حضرت میراں محی الدین گیلانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا مدفن

آں یکے چوں نیست با اخیار یار
جو شخص نیکوں کا یار نہیں ہے

لاجرم شد پہلوی فجار جار
لامحالہ بدوں کے پہلو کا پڑوسی بنا

ہونے کی وجہ سے مرجع خاص وعام ہے۔

بقال: سبزی فروش

بقائے دائمی: ہمیشہ کی زندگی۔ حیاتِ جاودانی

بقعہ: زمین کا علاقہ

بلخ: افغانستان کے موجودہ صوبے بلخ کا ایک چھوٹا شہر ہے۔ یہ صوبہ کے صدر مقام مزار شریف سے تقریباً بیس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ اس کا دنیا کے قدیم ترین شہروں میں شمار ہوتا ہے۔ عرب اس کو اُم البلاد یعنی شہروں کی ماں کہتے تھے۔ مولانا رومؒ بھی اسی تاریخی شہر میں پیدا ہوئے۔

بلعم باعور: بنی اسرائیل کے ایک بہت بڑے عالم اور برگزیدہ ولی تھے۔ چونکہ اُس نے حضرت موسیٰ کی قوم کے مخالفین کے حق میں دعا کی تھی۔ اس لیے حضرت یوشعؑ نے اُس کے حق میں بددعا کی اور اس کی ولایت جاتی رہی اور وہ مردود ہو گیا۔

بلال بن رباحؓ: المشہور سیدنا بلال حبشیؓ: اُمیہ بن خلف کے حبشی النسل غلام تھے۔ اسلام قبول کرنے پر مالک کے بے انتہا ظلم و ستم کی وجہ سے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے خرید کر آزاد کر دیا۔ حضرت سیدنا بلالؓ کو مؤذنِ رسولؐ ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔

بلائے جان: جان کیلئے مصیبت

بمنزلہ: کے برابر۔ کے مطابق

بنسلی: بانسری۔ نَے۔ مرلی

بنی نضیر: یہ یہود کا ایک قبیلہ تھا جو کہ مدینہ کے اطراف میں آباد تھا۔ انہوں نے مخفی طور پر رسول کریمؐ کو قتل کرنے کی سازش کی تھی۔ جس کا رسول کریمؐ پر انکشاف ہو گیا۔ اس جرم کی پاداش میں اُن کو مدینہ کے اطراف سے ۴ ہجری میں جلاوطن کر کے خیبر میں آباد ہونے کی اجازت دے دی گئی۔

بنو قریظہ: یہ یہود کا قبیلہ مدینہ کے اطراف میں آباد تھا۔ رسول کریمؐ نے اُن کے ساتھ ایک معاہدہ کیا تھا۔ جس کی رُو سے فریقین کو دشمن کے مقابلہ میں ایک دوسرے کی مدد کرنا ضروری تھا۔ لیکن غزوہ خندق کے موقع پر مسلمانوں کی مدد تو درکنار یہ مخالفین سے مل کر مسلمانوں سے برسرِ پیکار ہو گئے۔ جب مسلمانوں کو فتح و نصرت ہوگئی تو رسول کریمؐ نے اُن لوگوں کو معاہدہ شکنی کی سزا موت دی جو کہ خود یہود کی شریعت کے مطابق تھی۔

بوالفضول: بیہودہ

بوستان: باغ۔ گلستان کی طرح بوستان بھی شیخ سعدیؒ کی دوسری اہم تصنیف ہے۔ جس طرح فارسی نثر میں گلستان کو امتیاز و شرف حاصل ہے، بوستان کو نظم میں وہی درجہ میسر ہے۔ بوستان کی تقریباً تمام حکایات شاعر کی اپنی سرگزشت اور تجربہ و مشاہدات پر مبنی ہیں یہی وجہ ہے کہ اُنہوں نے ان تجربات اور واقعات سے جو اخلاقی نتائج اور پند و مواعظ اخذ کئے ہیں اُن کا پڑھنے والوں کے دل پر گہرا اور دیرپا اثر ہوتا ہے۔

بودا: بزدل۔ لاغر۔ بے مزہ۔ پرانا۔ پُھس پُھسا

بود و باش: سکونت۔ قیام

حق ذاتِ پاک اللہ الصمد
اللہ پاک بے نیاز کی قسم

کہ بُوَد بہ مارِ بد از یارِ بد
بُرے ساتھی سے بُرا سانپ بہتر ہوتا ہے

بحرِ وحدت: وحدت کا سمندر۔ اللہ تعالیٰ

بہمہ وجود: تمام تر وجود کے ساتھ

بہیمیت: جانوروں والی خصوصیات

بہی: ایک پھل کا نام جو کہ سیب سے مشابہ ہے۔

بے بہرہ: بدقسمت۔ بدنصیب

بے تامل: ہچکچاہٹ کے بغیر۔ بے فکر

بے ثباتی: جس میں قرار نہ ہو۔ قابلِ تغیر۔ ناپائیداری

بیچوں: وہ ذات جس کی حقیقت دریافت نہ کی جاسکے۔

بے چون وچرا: بے دلیل۔ کسی عذر کے بغیر

بے سروپا: حیران وپریشان۔ بے بنیاد

بید: بانس کا بے پھل درخت۔ دوسرے درختوں کے پھل سورج کے قرب سے پکتے ہیں جبکہ بید کو اس قُرب کا کوئی فائدہ نہیں۔

بیع: فروخت

(پ)

پاداش: نتیجہ۔ سزا۔ بدلہ

پارہ پارہ کرنا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں اُڑانا

پاک طینت: پاک عادت والا

پالان: وہ گدا جو گدھے کی کمر پر بیٹھنے کے لیے کسا جاتا ہے۔

پالن ہار: پالنے والا

پژمردگی: افسردگی۔ کملاہٹ۔ مرجھاہٹ

پچھوا: مغرب سے آنے والی ہوا

پَراگندہ: پریشان۔ حیران۔ متفکر

پَرتو: عکس۔ سایہ۔ روشنی۔ کرن

پرداختہ: آراستہ کیا ہوا۔ سنوارا ہوا

پردہ دری: عیب کھول دینا

پرکاہ: بہت ہلکا

پرگو: باتونی

پُروا: بادِ مشرق۔ صبا

پروین: سات ستاروں کا جھرمٹ

پڑبال: آنکھ کی ایک بیماری جس میں پلکوں کے اندر سے مڑے ہوئے بال نکل آتے ہیں اور آنکھ کے ڈھیلے میں چبھتے رہتے ہیں۔

پس خوردہ: بچا ہوا۔ اُلش۔ سامنے کا کھانا

پکھال: بڑی مشک۔ پانی بھرنے والا کھال کا تھیلا

پلیدی: ناپاکی۔ نجاست

پنہاں: چھپا ہوا

پوستین: لومڑی کی کھال سے بنا لباس جو کہ سردیوں میں پہنا جاتا ہے۔

پیادہ: پیدل۔ شطرنج کا مہرہ

پیام بر: قاصد۔ سفیر۔ ایلچی

پیراہن: لباس۔ جامہ۔ کرتا

پیرِ نابالغ: بے وقوف بوڑھا

پیش خیمہ: کسی واقعہ کی تمہید

مارِ بَد جانے ستاند اے سلیم
بُرا سانپ تو صرف تمہاری جان لے سکتا ہے

یارِ بَد آرد سوئے نارِ جحیم
لیکن بُرا یار تو تمہیں جہنم میں پہنچا دے گا

پیش بینی: دور اندیشی

پیہم: لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے

(ت)

تازیانہ: کوڑا۔ چابک

تامّ: پورا۔ تمام۔ مکمل

تامّ: شام۔ گھبراہٹ۔ تانبا

تانا بانا: وہ دھاگے جو کپڑا بننے میں عرض وطول میں دیئے جاتے ہیں۔ عرض (چوڑائی) والے دھاگے کو تانا اور طول (لمبائی) والے دھاگے کو بانا کہا جاتا ہے۔

تاویل: شرح۔ بیان۔ حیلۂ شرعی۔ عذر بیجا

تاویل: شرح۔ بیان۔ حیلۂ شرعی۔ عذر بیجا

تبر: کلہاڑی

تبرا: نفرت۔ لعن۔ بیزاری

تجاہلِ عارفانہ: جان بوجھ کر انجان بننا۔ ارادتاً ناواقفیت ظاہر کرنا۔

تجاذب اجسام: کائنات کے تمام اجسام ایک دوسرے کو اپنی طرف کھینچ رہے ہیں اور اسی تجاذب اور کشش پر نظامِ کائنات قائم ہے۔ یہی وہ مسئلہ ہے جس کی تفاصیل نیوٹن نے کیں۔ اور یہ نظریہ اُس کی طرف منسوب کیا گیا جبکہ مولاناؒ نے سینکڑوں برس قبل یہ نظریہ بیان فرمادیا تھا۔

تجاذبِ ذرات: اب یہ بات جدید سائنس نے سمجھادی ہے کہ اجسام کی ترکیب ذرات سے ہے اور ان ذرات میں کشش اور تجاذب یکساں نہیں جیسا کہ لوہا اور لکڑی۔ اس مسئلہ کو مولاناؒ نے سینکڑوں سال قبل بیان فرمادیا تھا۔

تجدُّد: نیا ہونا۔ جدت۔ نیا پن

تحریف: تحریر میں اصل الفاظ بدل کر کچھ اور لکھ دینا۔

تحرّی: بہترین کا انتخاب۔ قبلہ کی سمت معلوم نہ ہونے پر خود سے تعین کرنا۔

تحیُّر: حیرانی۔ تعجب۔

تجددِ امثال: ہر چیز کا اُسی جیسا ہر آن ہو جانا۔ حکماء اور صوفیاء ہر چیز کا منبع ومخرج اور مرجع ذاتِ واحد کو مانتے ہیں اور کائنات کی ہر چیز ہر آن اُسی ذاتِ واحد سے فیض حاصل کر رہی ہے۔ ہر چیز کے تمام قویٰ اور وجود کا منبع ذاتِ واحد ہے۔ چونکہ کائنات کی ہر چیز فانی ہے۔ اُس کے قویٰ اور وجود ہر آن فنا ہو رہا ہے اور جدید قوت اور وجود اُسی ذاتِ واحد سے حاصل کر رہی ہے۔ تو گویا کائنات کی ہر چیز ہر آن اپنے موجودہ وجود اور قوت کو فنا کر دیتی ہے اور اُسی جیسا ایک جدید وجود اور قوت حاصل کر لیتی ہے۔ محسوسات میں اس کی مثال اسی طور پر سمجھ لی جائے کہ بجلی کے ایک منبع سے وابستہ تمام قمقمے (بلب) ہر آن ایک نیا کرنٹ منبع سے حاصل کرتے ہیں اور اُن میں ہر آن پہلا کرنٹ ختم ہو کر نیا کرنٹ مرکز سے پہنچ جاتا ہے۔

تخم ریزی: بیج بونا۔ بیج ڈالنا

تدارُک: گم شدہ چیز کا پانا

تُرنج: چکوترا (پھل)

ہست تنہائی بہ از یارانِ بد
بُرے دوستوں سے تنہائی بہتر ہوتی ہے

نیک با بد چوں نشیند بد شود
نیک جب بد کے ساتھ بیٹھتا ہے تو بُرا ہو جاتا ہے

تریاق: زہر مہرہ۔ زہر کی دوائی

تصرُّف: کچھ کا کچھ کر دینا۔ کرامت۔ قبضہ

تعارُض: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ برابری کرنا

تعدُّد: تعداد میں زیادہ ہونا۔ کثرت۔ بہتات

تعیُّنات: تقرریاں۔ نوکری۔ فرض

تغیرات: تبدیلیاں

تضرُّع: رونا۔ منت سماجت

تفاوُت: فاصلہ۔ دوری۔ فرق

تفرِیس: غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنانا۔ بھاڑنا

تقدُّمِ زمانی: پہلا زمانہ

تقدیس: پاکیزگی۔ پاکی

تقدیم: پیش کرنا۔ مقدم سمجھنا۔ ترجیح دینا۔ فوقیت

تُف: تھوک، لعنت

تموُّل: دولت مندی۔ مال داری

تنازع للبقا: ہر چیز دوسری چیز کو کھا جاتی ہے اور پھر کھانے والی چیز کی غذا بن جاتی ہے۔ زندگی کی دوڑ دھوپ۔ کشمکش حیات

تناسُخ: اس عقیدے کے مطابق روح اپنی جزا اور سزا کے اعتبار سے مختلف حیوانات کا جسم اختیار کرتی رہتی ہے اور یہ سلسلہ کروڑ ہا برس تک اسی طرح چلتا رہتا ہے۔

تحیُّر، حیرت یا مقام حیرت: وہ مقام یا کیفیت جس میں تجلیات ربّ کی فراوانی کی وجہ سے سالک کی ذکر و فکر کی طرف توجہ نہیں رہتی۔ یہاں سالک کو ان چیزوں سے استغناء حاصل ہو جاتا ہے اور وہ بحث و مباحثے سے بھی گریز کرتا ہے۔ رسول کریمؐ نے فرمایا: اَللّٰھُمَّ زِدْنِیْ فِیْکَ تَحَیُّرًا (ترجمہ) ''اے ہمارے رب! اپنے بارے میں مجھے زیادہ سے زیادہ حیرانی عطا فرما دے''۔

تنافُر: نفرت۔ بیزاری۔ کراہت

تن پروری: آرام طلبی۔ عیش پرستی۔ خود غرضی

تُندی: تیزی۔ چڑچڑاپن۔ سختی۔ غصہ

تنزل: زوال۔ گھٹاؤ۔ کمی

تنزیہہ: بری باتوں سے دور رکھنا۔ عیب سے پاک کرنا

توابع: پیرو۔ ملازم۔ ماتحت

تورات: الہامی کتاب جو کہ حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی۔

توسُّل: وسیلہ ڈھونڈنا۔ ذریعہ۔ سفارش

توشہ: سامان۔ زاد راہ

تہہ دل: نہایت خلوص سے۔ سچے دل سے

تہی دست: خالی ہاتھ۔ مفلس۔ غریب

تیشہ: ایک اوزار جس سے پتھر توڑتے، لکڑی کاٹتے اور اینٹ گھڑتے ہیں

تیمم: پاک کرنا، طہارت، اگر غسل و وضو کے لیے پانی نہ ملے تو دونوں ہتھیلیاں مع انگلیوں کے پاک مٹی یا کسی اور چیز پر (جس سے مٹی چھٹتی ہو) مارتے ہیں اور اس کے بعد منہ اور بازو پر پھیرتے ہیں۔

جاہل ار با تو نماید ہمدلی
اللہ اور دین کے جاہل سے صحبت نہ کر

عاقبت زخمت زند از جاہلی
وہ اپنی جہالت سے تمہیں نقصان پہنچائے گا

تیہ: وہ بیابان جس میں بنی اسرائیل چالیس سال تک محبوس اور مقید رہے۔ حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل کو عمالقہ سے جنگ کرنے کا حکم دیا جو کہ ملک شام پر قابض تھے۔ بنی اسرائیل نے حیلے بہانے سے اس جہاد میں شرکت سے انکار کردیا۔ اس جرم کی پاداش میں اللہ تعالیٰ نے اُن کو تیہ کے میدان میں مقید کردیا۔ وہ اس میں بھٹکتے پھرتے تھے اور اُن کو اس جنگل بیاباں سے نکلنے کا راستہ نہ ملتا تھا۔ ہر جماعت حضرت یعقوبؑ کے کسی ایک فرزند کی نسل میں سے تھی اور پچاس ہزار افراد پر مشتمل تھی۔ یہ لوگ تمام دن راستہ طے کرتے تھے۔ صبح کو سو کر اٹھتے تو اپنے آپ کو اسی مقام پر پاتے جہاں سے گزشتہ صبح کو چلے تھے۔

(ث)

ثمرہ: حاصل۔ فائدہ۔ بدلہ

ثنا گو: تعریف کرنے والا۔ مداح

ثنویہ: وہ فرقہ جو دو خداؤں کا قائل ہے۔ خالق خیر کو ''یزداں'' اور خالق شر کو ''اہرمن'' کہتا ہے

(ج)

جالوت: کافر بادشاہ جو کہ قوم عاد سے تھا اور بنی اسرائیل کا دشمن تھا۔ جالوت کی موت طالوت بادشاہ کے دور میں دورانِ جنگ حضرت داؤدؑ کے ہاتھوں ہوئی۔

جالینوس حکیم: یہ یونان کا مشہور حکیم ہے جو کہ سکندر یونانی سے پچاس سال پہلے ہوا تھا۔ اُس نے علم طب میں چار سو کتابیں تصنیف کیں۔

جامِ رحیق: صاف شراب کا جام

جامیؒ: آپ کا نام نورالدین عبدالرحمٰن تھا اور جامی تخلص۔ خراسان کے قصبہ جام میں 817ھ کو پیدائش ہوئی۔ روحانی تربیت مشہور نقشبندی بزرگ حضرت شیخ سعد الدین محمد کاشغریؒ نے کی۔ حضرت شیخ سعد الدینؒ کا سلسلہ طریقت دو واسطوں سے حضرت شیخ بہاؤالدین نقشبندؒ سے جا ملتا ہے۔ حضرت جامیؒ اپنے وقت میں علوم شریعت و طریقت کے شہباز تھے۔ آپ صحیح معنوں میں ایک درویش اور صوفی تھے۔ عاشق رسولؐ تھے۔ 18 محرم 898ھ بعمر 81 سال ہرات میں وصال پایا۔ خیابان ہرات میں اپنے مرشد کے مزار کے قریب دفن کیے گئے۔ آپ کی تصنیفات کا ایک طویل سلسلہ ہے۔ نثر و شاعری دونوں میں آپ کی 44 کتب ہیں۔ آپ کا نعتیہ کلام ہر ہر دور میں عشاق کے دلوں میں گونجتا رہا ہے۔

جاں فزا: فرحت انگیز۔ دل کو خوش کرنے والا

جاں گداز: جان کو گھلانے والا۔ دل پر اثر کرنیوالا

جاناں: محبوب

جھاؤ: ایک قسم کا پودا جو دریا کے کنارے اُگتا ہے اور اُس سے ٹوکریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔ کپڑا وغیرہ ناپنے کے لکڑی کے آلے کو بھی کہا جاتا ہے۔

جبرائیلؑ: فرشتوں کے سردار۔ ان کے ذمہ اللہ کا پیغام اور وحی انبیاءؑ کے پاس لیے کر آنا ہے۔

جبری: زبردستی۔ مجبور کرکے

آں زماں کہ بحثِ عقلی ساز بُود
جس زمانہ میں عقلی بحث بپا تھی

ایں عمر با بُوالحکم ہمراز بُود
یہ (حضرت) عمرؓ ابوجہل کے ساتھ ہمراز تھے

جبریہ: وہ فرقہ جس کا عقیدہ ہے کہ انسان کو اپنے اعمال و افعال پر کوئی اختیار نہیں ہے۔

جبر و قدر: اس مسئلہ کی بنیاد اس نظریہ پر ہے کہ انسان اپنے افعال کا خود خالق ہے یا انسان کے افعال کا خالق بھی اللہ تعالیٰ ہے۔

جبلت: سرشت۔ فطرت۔ طبیعت

جرجیس علیہ السلام: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک حواری کے شاگرد جو کہ فلسطین میں رہتے تھے۔ یہ پیغمبر متعدد بار قتل کیے گئے لیکن قدرتِ الٰہی ہر بار اُن کو زندہ کر دیتی۔

جزو لاینفک: وہ حصہ جو علیحدہ نہ ہو سکے۔ اٹوٹ انگ۔

جسم مثالی: اہل شروع اور اہل تصوف متعدد عالم کو موجود مانتے ہیں۔ جن میں سے ایک عالمِ شہود ہے۔ وہ یہی عالم ہے کہ جس میں ہم سب اس زندگی کے ساتھ موجود ہیں۔ یہاں تمام اجسام سادہ اور عنصر سے بنے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک عالمِ مثال ہے جس میں ہر وہ مخلوق جو عالمِ شہود میں ہے اُس عالم میں ہے۔ اس عالم میں بھی ہے۔ لیکن اُس عالم میں مادہ اور عناصر کا وجود نہیں ہے۔ وہ موجود جسم کو عنصری نہیں بلکہ جسم مثالی کہتے ہیں۔

جُست: چھلانگ۔ پھاند

جست: ایک دھات کا نام

جسد عنصری: مادی جسم

جسمانی علائق: جسمانی تعلقات۔ جسمانی بکھیڑے

جسمانی عوارض: جسم کا دکھ۔ بیماریاں

جمادات: بے جان چیزیں جیسے دھات۔ پتھر۔ معدنی اشیاء

جذب: کشش۔ چوسنا

جنس: پیداوار۔ اسباب۔ صنف۔ نسل

جوحی: ایک فرضی شخصیت جس کی طرف فارسی ادب میں بہت سے پُر مذاق قصے منسوب ہیں جیسے کہ اُردو ادب میں مُلّا دو پیازہ یا شیخ چلی۔

جور و جفا: ظلم و زیادتی

جوع البقر: وہ انسان جس میں انسان کھاتا رہتا ہے اور اُس کا دل نہیں بھرتا۔

جولاہا: کپڑا بُننے والا

جوہر: قیمتی پتھر۔ خلاصہ۔ لب لباب۔ اصل حقیقت

جولانی: گھوڑے کی دوڑ۔ طبیعت کی روانی۔ رفتار کی تیزی۔ پھرتی

جہات: سمتیں۔ طرفین۔ جہت کی جمع

جہادِ اصغر: کافروں سے جہاد۔

جہادِ اکبر: نفس سے جہاد

جوی آب: جنت میں پانی کی نہر

جوی انگبین: جنت میں شہد کی نہر

جوی شیر: جنت میں دودھ کی نہر

جوی یابو: جنت میں شراب کی نہر

جویا/ جویاں: ڈھونڈنے والا/ تلاش کرنے والا

جیحوں: ترکستان کا ایک مشہور دریا جو جھیل ارال میں گرتا ہے۔

چوں عمرؓ از عقل آمد سوئے جاں
عمرؓ جب عقل سے رُوح کی طرف آئے

بوالحکم بوجہل شد در بحثِ آں
اُن کی بحث میں، بوالحکم، ابوجہل بن گیا

(چ)

چار میخ: سزا کا ایک طریقہ جس میں مجرم کے چاروں ہاتھ پاؤں کیلوں سے باندھ دیے جاتے ہیں۔

چاشت: پہر دن چڑھے کا وقت۔ صبح کا کھانا۔ حاضری۔ ایک نفلی نماز جو پہر دن چڑھے پڑھتے ہیں۔

چاہِ بابل: شہر بابل کا ایک کنواں۔ جس کی بابت کہتے ہیں کہ ہاروت و ماروت دونوں فرشتے وہاں قید ہیں۔

چرب زبان: چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ خوشامدی

چغد: الو کی ایک چھوٹی قسم

چقماق: ایک پتھر جس میں سے آگ نکلتی ہے۔

چگونگی: کیفیت۔ اصلیت۔ خاصیت

چلبی: شریف مہذب اور خوش خلق۔

چُندھا: وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی کی تاب نہ لاسکیں۔

چھاچھ: دہی بلو کر مکھن نکالنے کے بعد باقی رہ جانے والی لسی۔

(ح)

حال: وجد۔ بیخودی۔ موجودہ زمانہ۔

حاتم طائی: قبیلہ بنو طے کے مشہور سخی سردار جو رسول کریمؐ کی نبوت سے قبل وفات پا گئے۔ اُن کے صاحبزادے عدی بن حاتمؓ مسلمان ہوئے تھے۔

حادث: قدیم کی ضد۔ نئی چیز جو پہلے نہ ہو۔ فانی

حاذق: ماہر

حُبِّ جاہ: منصب و رتبہ کی محبت

حجاج بن یوسف ثقفی: خلیفہ عبدالملک مروانی کے دور کا عراق کا مشہور ظالم گورنر

حجت: دلیل۔ بحث۔ تکرار

حدیقۃ الحقیقت: تصوف کے موضوع پر پہلی منظوم کتاب جو کہ حکیم سنائیؒ کی فارسی شاعری کا شاہکار۔ اس کو تصوف کے موضوع پر فارسی شاعری کی پہلی کتاب ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ مولانا رومؒ، حکیم سنائیؒ اور حدیقۃ الحقیقت کو بہت عزت اور قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔

حُسن: خوبصورتی

حُر: آزاد۔ جو کسی کا غلام نہ ہو۔ جمع احرار

حرم سرا: زنانخانہ۔ بیگموں اور حرموں (لونڈی، کنیز) کے رہنے کی جگہ

حریم: گھر کی چاردیواری۔ خانہ کعبہ کی بیرونی دیوار۔ مکان۔ گھر

حریر: ریشمی کپڑا

حسنِ ازلی: ہمیشہ سے حسین

حسنات: نیکیاں۔ بھلائیاں

حقانیت: خدا کی طرف منسوب ہونا۔ سچائی۔ صداقت

حق بین: سچی بات پر نظر رکھنے والا

حق پرست: سچا آدمی۔ حق بات کرنے والا

حق الیقین: تصوف کی اصطلاح۔ اللہ کو دل کی آنکھ سے دیکھنا۔

من بجُست برنیایم با بلیس
میں دلیل کے ذریعے شیطان سے نہیں جیت سکتا

کو ست فتنہ ہر شریف و ہر خسیس
کیونکہ وہ ہر شریف و ذلیل کے لئے فتنہ ہے

اللہ پر پورا یقین۔

حلقوم: گلا، نرخرہ، سینے اور گلے کے بیچ کا گڑھا

حلم: بردباری، برداشت، نرمی

حلیمہ سعدیہؓ: قبیلہ بنو سعد کی خوش نصیب خاتون، جن کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے رسولِ کریمؐ کو دودھ پلایا اور چھ سال تک آپؐ کی دیکھ بھال کی۔ لہٰذا یہ آپؐ کی رضاعی ماں ہیں۔

حیلہ باز: مکاری۔ فریبی۔ دغابازی

حیف: افسوس

حیرت: دیکھیے۔ تحیُّر

حواسِ خمسہ: پانچ ظاہری حسّیں، دیکھنے، سُننے، سونگھنے، چکھنے اور محسوس کرنے کی حسّیں

حوادث: تکلیفیں۔ مصیبتیں۔ حادثہ کی جمع

(خ)

خار پُشت: اس کو اُردو میں سیہ کہتے ہیں۔

خارج: کافر۔ مرتد۔ علیحدہ

خازن: خزانچی

خُتن: ترکستان کا ایک علاقہ جہاں کا مشک مشہور ہے۔

خر: گدھا

خراسان: موجودہ ایران کا صوبہ۔ جس میں مشہد شریف کا شہر بھی ہے۔ قدیم وقتوں میں خراسان ایران کے مشرق اور افغانستان کے مغرب میں ایک ملک تھا۔ جس میں ہرات، مشہد اور بلخ مشہور شہر تھے۔

خرمن: کھلیان۔ غلے کا وہ ڈھیر جس میں سے بھوسا الگ نہ کیا گیا ہو۔

خریف: موسم خزاں

خود بین: مغرور۔ متکبر۔ خود پسند

خدیو: خداوند، آقا، مصر کے بادشاہوں کا لقب

خس: سوکھی گھاس، ایک خاص قسم کی خوشبودار گھاس

خشت: اینٹ

خصیے: بیضے، ٹٹے

خضرؑ: ایک پیغمبر جن کی نسبت مشہور ہے کہ انہوں نے آبِ حیات پیا ہے اور وہ قیامت تک ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ کچھ اہلِ علم کے نزدیک آپ ولی اللہ ہیں۔ اُن کو اس وجہ سے خضر کہا جاتا ہے کہ اُن کی کرامت یہ ہے کہ جہاں بیٹھ جاتے ہیں۔ وہاں سبزہ اگ آتا ہے۔

خفی: پوشیدہ۔ چھپا ہوا

خفتہ: سویا ہوا۔ خوابیدہ

خلّاق: بہت زیادہ پیدا کرنے والا۔ اللہ کا صفاتی نام

خِلعت: وہ پوشاک جو بادشاہ یا امراء کی طرف سے بطور عزت افزائی ملے۔ تحفہ۔ عطیہ تحسین

خَم: ٹیڑھ۔ جھکاؤ

خُم: شراب کا مٹکا یا پیالہ

خناق: ایک مرض جس میں گلے اور حلق پر ورم آ جاتا ہے اور سانس

آدمے کو عَلَّمَ الْاَسْمَاء بگ ست
حضرت آدمؑ جو کہ عَلَّمَ الْاَسْمَاء کے مالک ہیں

درتگِ چوں برق ایں سگِ بے تگ ست
وہ بھی اِس کُتّے کے آگے ہار گئے

بند ہو جانے کی وجہ سے موت واقع ہو جاتی ہے۔

خُو: عادت

خواجہ تاش: ایک آقا کے دو غلام ہوں تو ہر ایک دوسرے کا خواجہ تاش کہلائے گا۔

خوان: دسترخوان۔ تھال۔ طشت

خوش اِلحان: اچھی آواز والا۔ سُریلا

خوگر: عادت، خصلت، رسم و رواج

خیبر: مدینہ منورہ کے نزدیک مشہور قلعہ جسے حضرت علیؓ نے یہودیوں سے فتح کیا تھا۔

خیر الخلائق: مخلوقات میں سے سب سے بہتر۔ مراد رسولِ کریمؐ

(د)

داد و دہش: فیاضی

دار العمل: عمل کی جگہ۔ مراد دنیا

داؤدؑ: عبرانی لفظ ہے۔ معنی محبوب اور عزیز کے ہیں۔ ایک پیغمبر کا نام جو کہ حضرت سلیمانؑ کے والد تھے۔ آسمانی کتاب زبور حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی۔

داعیہ۔ داعی: دعوت دینے والا۔ دعا کرنے والا

دامِ فریب: فریب کا جال یا پھندا

دبّاغ: کچا چمڑا رنگنے والا

دُبُر: پیٹھ۔ پیچھا۔ پشت۔ کسی چیز کا پچھلا حصہ۔ مقعد

دَبُور: پچھوا ہوا۔ بادِ صبا۔ بادِ نسیم

دجلہ: ایشیائی روم کے مشہور دریا کا نام جو بغداد کے نیچے بہتا ہے

دُخترانِ نعش یا بنات النعش: بنات تین ستارے ہیں اور نعش چار ستاروں کا مجموعہ ہے۔ بنات النعش اُن سات ستاروں کے مجموعے کو کہتے ہیں جو چارپائی کی صورت میں نظر آئے۔

دُر: موتی

درد زہ: بچہ پیدا ہونے کا درد

دُرِ یکتا: اکیلا موتی۔ نایاب موتی

درگاہ: آستانہ، خانقاہ، دربارِ شاہی

درماں: علاج

دفینہ: دفن کیا ہوا مال، گڑا ہوا خزانہ

دقیانوسی: پرانا۔ قدیمی۔ فرسودہ

دَمڑی: چھدام۔ پیسے کا چوتھا حصہ

دمِ عیسیٰؑ: حضرت عیسیٰؑ نے گارے سے چمگادڑ کی شکل کا ایک پرندہ بنایا اور اُس پر دم کیا تو وہ اُڑنے لگا۔

دنیوی علائق: دنیاوی بکھیڑے۔ دنیاوی تعلقات

دوئی: دو سمجھنا

دہریہ: وہ فرقہ جو اللہ تعالیٰ کو نہیں مانتا اور یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ یہ نظامِ کائنات خود بخود چل رہا ہے اور بغیر کسی متصرف کے اسی طرح قدیم سے چلا آ رہا ہے چونکہ یہ دہر اور زمانے کو متصرف مانتا ہے اس لیے ان کو دہریہ کہا جاتا ہے۔

دیت: خون بہا۔ جرمانہ

دیدنی: دیکھنے کے قابل۔ دیکھا ہوا

دیدہ ور: ہوش مند، صاحب نظر

دیوث: بے حیا مرد، بیوی کی بدکاری سے جانتے بوجھتے ہوئے چشم پوشی کرنے والا بھڑوا، وہ شخص جو دوسروں کی بیوی سے فسق کرتا ہے۔

ڈوم: مغنی۔ میراثی۔ قوال

ڈینگیں: شیخی۔ لاف زنی۔ تعلیٰ

(ذ)

ذکاوت: ذہن کی تیزی۔ ذہانت

ذریت: تخم۔ اولاد۔ نسل

ذی حس: جاندار۔ احساس رکھنے والا

(ر)

راحت رسانی: آرام پہنچانا

راست رُو: سیدھا چلنے والا۔ ایماندار

راضی برضا: اللہ کے حکم پر راضی

راندۂ درگاہ: درگاہِ الٰہی یا دربار بادشاہی سے نکالا ہوا۔

راہ رو: مسافر۔ راہ گیر

رَباب: ایک قسم کی سارنگی

رُباط: سرائے

ربیع: موسم بہار

رزم و بزم: میدانِ جنگ اور محفل، برائی اور عیش و عشرت کی جگہ

رذیلہ: کمینگی۔ اوچھاپن

رعشہ: لرزہ ایک بیماری جس میں ہاتھ پاؤں خود بخود ہلتے ہیں

رِفعت: بلندی۔ ترقی۔ عزت۔ بزرگی

رموز: رمز کی جمع۔ اشارہ۔ راز۔ بھید

رنجور: رنج و غم۔ بیمار۔ افسردہ

رنڈی: رقاصہ۔ بازاری عورت

روزن: سوراخ۔ روشندان۔ شگاف

روئے سخن: بات کا رُخ۔ خطاب

روش: طور طریقہ

رے: عراق کا ایک مشہور شہر، علامہ فخر الدین اسی کی نسبت سے رازی کہلاتے تھے۔

رہٹ: وہ چرخ جس کے ذریعے کنویں سے پانی نکالتے ہیں۔

(ز)

زار و زار: دبلا پتلا۔ کمزور۔ ناتواں۔ لاغر

زاغ: کوا۔ کاگ۔ کمان کے گوشے کی نوک۔ موسیقی کے ایک راگ کا نام

زبور: الہامی کتاب جو کہ حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی۔

زعم: گمان۔ ظن۔ غرور

زکا: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ امیر۔ فوراً ادا کرنے والا

زُمرے: جماعت، ہمراہی فوج

زمہریر: نہایت سردی۔ دوزخ کا وہ حصہ جس میں سردی کا عذاب دیا جائے گا۔

گر تو خواہی ایں شقاوت کم شود
اگر تُو چاہتا ہے کہ تیری یہ بدبختی کم ہو جائے

جُہد کُن تا از تو حکمت کم شود
کوشش کر کہ تیری دانائی کم ہو جائے

زُنّار: صلیب کا دھاگہ جو عیسائی اپنے گلے میں لٹکاتے ہیں۔

زنجبیل: سونٹھ۔ بہشت کی ایک نہر کا نام

زنگی: حبشی' ملکِ زنجبار کا رہنے والا

زیرِ نگیں: ماتحت۔ حکومت میں۔ تصرف میں

زیر و بم: نیچا اور اونچا سُر۔ طبلے یا نقارے کا دایاں بایاں رُخ' زیر کا مطلب ہلکا سُر اور بم کا مطلب بھاری سُر۔

(س)

سار بان: اونٹ والے

سالک: راہ چلنے والا۔ تصوف کی اصطلاح میں قربِ الٰہی کا متمنی

سامری: ایک یہودی جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں چاندی سونے کا ایک بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اُس کی پرستش کروائی۔

سبا: یمن کا قدیم نام جس کی حکمران ملکہ بلقیس تھی اور بعد از قبول ایمان' حضرت سلیمانؑ کے نکاح میں آئیں۔

سببیّت: یہ اصول کہ ہر شے کا کوئی سبب یا علت ہوتی ہے۔

سِبطی: بنی اسرائیل کا فرد' حضرت یعقوبؑ کی اولاد' حضرت موسیٰؑ کی قوم کا فرد

سبک روی: تیز چال

ستار: پردہ پوش۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

سجین: دوزخ کی ایک گھاٹی

سحر: جادو۔ سحر کا تعلق محض ساحر کی توجہ اور تصرف سے ہے۔ لہٰذا جادوگر کی غفلت کے وقت سحر کا کوئی اثر نہیں رہتا

سِدرہ: بیری کا درخت

سدرۃ المنتہیٰ: بیری کا وہ درخت جو ساتویں آسمان پر ہے۔ جو حضرت جبرائیل کی پرواز اور مخلوق کے علم کی انتہا ہے

سِرّ: باطن' ذاتی رائے

سَراب: ریتلی زمین کی وہ چمک جس پر چاند سورج کی چمک سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے۔ دھوکا ہی دھوکا

سربمُہر: بند کر کے مہر لگایا ہوا۔ جسے سیل کر دیا گیا ہو۔

سربستہ: چھپا ہوا۔ پوشیدہ

سرشت: خُو۔ خصلت۔ عادت۔ مزاج

سرمدی عشق: غیر فانی عشق' دائمی عشق' خدائی یا حقیقی عشق

سرگراں: خفا۔ ناراض۔ برہم۔ جو نشے کے خمار میں ہو

سُرعت: جلدی۔ تیزی۔ پھرتی

سعادت: اقبال مندی۔ خوش نصیبی

سَعد: مبارک۔ نیک۔ چاند کی بائیسویں منزل

سَعدیؒ: شیخ شرف الدین مصلح سعدی شیرازیؒ: نام شرف الدین' لقب مصلح اور تخلص سعدیؔ شیراز (ایران) اُن کا وطن تھا۔ شیراز صدیوں ایران کا پایہ تخت اور علوم و فنون کا مرکز رہ چکا ہے۔ پیدائش تقریباً 491ھ میں اور وفات 589ھ میں ہوئی۔ اس طرح شیخ نے ایک سو سال سے زیادہ عمر پائی۔ تخلص سعدی کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ شیخ کے والدِ محترم عبداللہ شیرازی' بادشاہ اتابک سعد زنگی کے

حکمتے کز طبع زاید وز خیال
وہ دانائی جو خیال یا طبیعت سے پیدا ہو

حکمتے بے فیضِ نورِ ذوالجلال
وہ دانائی اللہ کے نُور سے بے فیض ہے

ملازم تھے اور شیخ نے اسی بادشاہ کے عہد میں شاعری شروع کی اس لیے اُن کے نام کی نسبت سے اپنا تخلص سعدی قرار دیا۔ آپ نے ابتدائی تعلیم شیراز میں حاصل کرنے کے بعد علم و علماء کے مرکز بغداد کے شہرہ آفاق دارالعلوم نظامیہ میں داخلہ لیا۔ آپ اپنے وقت کے نہایت جلیل القدر اُستاد علامہ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن جوزی کے شاگرد خاص تھے۔ آپ کی جادو بیانی اور فصاحت و بلاغت کا شہرہ آپ کی زندگی ہی میں چہار سو پھیل چکا تھا۔ طریقت میں آپ شیخ شہاب الدین عمر سہروردیؒ سے فیض یافتہ ہیں۔

سُعید: نیک۔ بھلا۔ مبارک۔ خوش نصیب

سِفلی: پستی کا۔ نچلے درجے کا' وہ منتر' جادو یا عمل جس میں خبیث ارواح سے مدد لی جاتی ہے۔

سقا: پانی لانے یا پلانے والا۔ ماشکی

سُقوط: گر پڑنا۔ جنگ ہارنا' خطا کرنا۔ کسی حرف کا وزن شعر کے خلاف ہونا۔

سُکر: خمار۔ نشہ۔ بے ہوشی۔ وہ کیفیت جس میں سالک کے لیے ظاہری و باطنی احکام میں فرق اُٹھ جائے۔

سکورا: مٹی کا پیالہ

سکندر ذوالقرنین: ایک خدا پرست اور برگزیدہ بادشاہ' جس کا قصہ قرآن پاک میں مذکور ہے۔ آب حیات کی جستجو اور اُس سے محرومی کا قصہ بھی اسی کی طرف منسوب ہے۔ یہ سکندر اعظم جس کو سکندر رومی (یونانی) بھی کہتے ہیں کے علاوہ شخصیت ہے۔ سکندر رومی شاہِ یونان تھا۔ جس نے دارا شاہ ایران کو شکست دی تھی۔ یہ سکندر ذوالقرنین سے صدیوں بعد گزرا ہے۔

سلسبیل: بہشت کی ایک نہر۔ خوشگوار چیز۔

سماک: انتہائی بلندی پر دو ستارے ہیں۔ ایک کو سماکِ اعزل اور دوسرے کو سماکِ رامح کہتے ہیں۔

سمک: قدیم عقیدے کے مطابق وہ مچھلی جس پر زمین ٹکی ہوئی ہے۔ یعنی زمین کا سب سے نچلا طبقہ

سمن: چنبیلی کا پھول۔ یاسمین کا مخفف

سمور: لومڑی کی قسم کا ایک جانور جس کی کھال سُرخی مائل بسیاہی ہوتی ہے۔ اُس کے بال بہت نرم ہوتے ہیں اور اُس سے عمدہ و قیمتی لباس بنتے ہیں۔

سنائیؒ: حکیم ابوالمجید مجدود بن آدم سنائی غزنویؒ فارسی کے عظیم شاعر تھے۔ 1100ء سے 1200ء کے درمیان افغانستان کے شہر غزنی میں رہتے تھے۔ بہرام شاہ بادشاہ کے دربار سے وابستہ تھے۔ اُسی عرصہ میں تصوف سے وابستگی کی وجہ سے دربار سے علیحدگی اختیار کرلی۔ اُن کی شاعری نے بعد میں آنے والے فارسی شعراء اور فارسی ادب پر گہرا اثر ڈالا۔ وہ فارسی زبان کے پہلے شاعر خیال کیے جاتے ہیں۔ جنہوں نے قصیدہ' مثنوی اور غزل کی اصناف کو اپنے فلسفیانہ مسائل تصوف کے اظہار کا ذریعہ بنایا۔

سنگِ خارا: ایک قسم کا نیلگوں پتھر

سنگریزے: کنکر۔ روڑی۔ بجری

حکمتے کز طبع زاید وز خیال
وہ دانائی جو خیال یا طبیعت سے پیدا ہو

حکمتے بے فیض نورِ ذوالجلال
وہ دانائی اللہ کے نُور سے بے فیض ہے

سنگسار: پتھر مار مار کر ہلاک کر ڈالنا۔ شرع اسلامی میں زانی اور اغلامی کی ایک سزا

سُورن: سونا' طلا

سوز: درد۔ مرثیہ خوانی کی ایک طرز۔ جلن

سوزش: جلن۔ کھولن۔ درد۔ تکلیف

سوختہ: جلا ہوا' مصیبت زدہ' افسردہ

سوفسطائیہ: توہم پرست فلاسفہ کے ایک گروہ کا پیرو۔ یہ فلاسفہ اشیاء کی حقیقت کے منکر ہیں

سیّات: برائیاں۔ بدیاں

سیمرغ: ایک بڑا خیالی پرندہ جس کا وطن کوہ قاف بتایا جاتا ہے

(ش)

شافعیؒ (امام شافعیؒ): بہت بڑے مجتہد اور امام اور چاروں اماموں میں سے ایک' اصل نام محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع تھا۔ ۵۴ سال کی عمر پا کر ۲۰۴ھ میں وصال پایا۔

شاق: دوبھر۔ مشکل۔ دستور۔ ناگوار

شاہنامہ فردوسی: یہ فردوسی کا فارسی شاعری کا شاہکار ہے۔ لغوی معنی بادشاہوں کی کتاب کے ہیں۔ اس میں فردوسی نے ایران کے قدیم بادشاہوں کے حالات و واقعات بیان کئے ہیں اس ضخیم کتاب کو فردوسی نے (30) تیس سال کے عرصہ میں مکمل کیا اور اس کے اشعار کی تعداد تقریباً (50,000) پچاس ہزار ہے۔

شائبہ: آمیزش۔ شک۔ احتمال

شبکوک: وہ فقیر جو درخت پر بیٹھ کر رات کو بھیک مانگے تا کہ اُس کو کوئی دیکھ نہ سکے

شُتر: اونٹ

شُجاع: بہادر۔ دلیر۔ جری

شرح: تفسیر۔ کھول کر بیان کرنا۔ نرخ۔ بھاؤ

شرف: بزرگی۔ بلندی۔ ترجیح۔ فوقیت۔ کسی سیارے کا اپنے اصلی برج میں واپس آنا

شَش جہات: چھ اطراف مشرق' مغرب' شمال' جنوب اوپر نیچے' تمام عالم۔ پوری کائنات

شفق: سرخی جو طلوع آفتاب سے پیشتر صبح کو اور غروب آفتاب کے بعد نمودار ہوتی ہے۔

شفیع: سفارش کرنے والا' رسول کریمؐ کے ۹۹ ناموں میں سے ایک مبارک نام

شقاوت: بدبختی۔ بدنصیبی۔ سنگدلی

شق القمر: حضورؐ کا کفار کے طلب کرنے پر چاند کے دو ٹکڑے کر دینے کا معجزہ

شقِ صدر: رسول کریمؐ کے سینہ مبارک کو چاک کیا جانا' پہلی مرتبہ ایسا آپؐ کے بچپن میں ہوا۔ دوسری مرتبہ آپ کی عمر مبارک دس برس تھی۔ تیسری مرتبہ آپؐ کی بعثت کے وقت بعمر ۴۰ سال اور چوتھی مرتبہ واقعہ معراج کے وقت ایسا پیش آیا

شقی: سنگدل و بدبخت

حکمتِ دُنیا فزاید ظن و شک
دُنیاوی حکمت و دانائی ظن اور شک بڑھاتی ہے

حکمتِ دینی بَرد فوقِ فلک
دین کی سمجھ آسمان پر لے جاتی ہے

شکست وریخت: ٹوٹ پھوٹ۔ نقصان
شنیدنی: سننے کے قابل، قابلِ سماعت
شور زمین: وہ زمین جس میں نمک یا شورہ ہو۔ نا قابلِ استعمال زمین
شورش: فتنہ۔ فساد۔ ہنگامہ۔ بلوہ
شہاب: ٹوٹنے والا ستارہ
شہسوار: گھوڑے کی سواری کا ماہر۔ اپنے شعبے کا ماہر
شہوت: خواہش۔ آرزو۔ حصول لذت۔ خواہش جماع۔ جنسی خواہش
شیطنت: سرکشی، تکبر

(ص)

صاحب: دوست۔ ساتھی۔ خدا۔ مالک۔ خاوند۔ کلمہ تعظیم
صاحبقراں: وہ خوش نصیب جس کی ولادت یا نطفہ کے استقرار کے وقت زحل اور مشتری ایک ہی برج میں ہوں
صالح: نیک پارسا۔ پرہیزگار۔ ایک پیغمبر جو اللہ کی طرف سے قومِ ثمود میں بھیجے گئے۔
صلاح الدین زرکوبؒ: حضرت شمس تبریزؒ کی جدائی کے بعد مولانا رومؒ نو برس تک حضرت صلاح الدین زرکوبؒ کی صحبت میں رہے۔ اُن کا وصال ۶۶۲ھ میں ہوا۔ وہ مولانا رومؒ کے اُستاد حضرت سیدنا برہان الدین محققؒ سے بیعت تھے۔ اُنہوں نے مولانا رومؒ کی صحبت میں اپنا سب کچھ لٹا دیا۔ صاحب حال بزرگ تھے۔

صبوح: صبح کی شراب
صبیح: حسین
صانع: کاریگر۔ بنانے والا۔ پیدا کرنے والا
صبح صادق: نور کا تڑکا۔ پو پھٹنا
صبح کاذب: صبح کی روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے۔
صَبُور: گناہگاروں پر نرمی کرنے والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔ صبر
صَحو: ہوشیاری۔ بیداری۔ وہ حالت جس میں ظاہر اور باطنی احکام میں فرق باقی رہتا ہے
صدر: میر مجلس، سربراہِ مملکت، سینہ، سردار
صدقہ جاریہ: ایسی خیرات جس سے لوگوں کو ہمیشہ فائدہ پہنچتا ہے۔
صدور: صادر ہونا۔ اجراء
صریح نص: صاف حکم یعنی بغیر کسی شک وشبے سے
صفا: پاک۔ پاکیزہ۔ مجلا۔ ہموار۔ مکہ شریف کی ایک پہاڑی جہاں دوڑنا ارکانِ حج میں شامل ہے۔
صفراوی مزاج: بلغمی مزاج والا۔ تلخ مزاج
صنائع: کاریگری۔ ہنرمندی
صور: بگل، نفیری
صورت گر: مصور۔ نقاش
صلح حدیبیہ: ۶ھ میں رسول کریمؐ نے مکہ معظمہ سے ۶ میل کے فاصلہ پر حدیبیہ کے مقام پر اپنے چودہ سو صحابہؓ کی موجودگی میں کفار

پائے استدلالیاں چوبیں بُوَد
(عقلی، دلائل والوں کا پیر لکڑی کا ہوتا ہے
پائے چوبیں سخت بے تمکیں بُوَد
(اور) لکڑی کا پیر بہت کمزور ہوتا ہے

مکہ سے صلح کا ایک دس سالہ معاہدہ کیا۔ اس کو قرآن نے فتح مبین سے تعبیر کیا ہے۔ مسلمان عمرہ کی نیت سے گئے تھے لیکن کفار مکہ نے اُن کو مکہ معظمہ میں داخل نہ ہونے دیا۔

صَیقل: صفائی۔ آب۔ چمک۔ جلا

(ط)

طاقچہ: چھوٹا طاق۔ محراب۔ محراب دار ڈاٹ جو کہ دیوار میں بناتے ہیں۔

طالوت: یہ بنی اسرائیل کا ایک نیک بادشاہ تھا۔ اُس کی بادشاہت کے دوران اس کو ایک سخت قوی دشمن جالوت سے جنگ کرنا پڑی۔ حضرت داؤدؑ کا بچپن تھا اور وہ بکریاں چرایا کرتے تھے۔ حضرت شمویلؑ نے طالوت کو بشارت دی کہ جالوت کی موت حضرت داؤدؑ کے ہاتھوں ہوگی۔ طالوت نے حضرت داؤدؑ کو فوج میں شامل کرلیا۔ دورانِ سفر چند پتھروں نے حضرت داؤدؑ سے کہا کہ ہم کو ساتھ لے لو۔ جالوت ہماری ضرب سے مرے گا۔ جب طالوت سے مقابلہ ہوا تو حضرت داؤدؑ نے وہی پتھر اُس کو مارے۔ جس سے جالوت ہلاک ہوگیا۔

طمطراق: شان وشوکت

طوبیٰ: جنت کا ایک درخت جس کی شاخیں ہر جنتی کے گھر میں ہوں گی۔ جس سے وہ خوشبودار پھل حاصل کریں گے۔

طور (کوہ طور): مشہور پہاڑ جو عرب کے شمال مغرب میں واقع ہے۔ اسی پہاڑ پر حضرت موسیٰؑ اللہ تعالیٰ سے ہمکنار ہوئے اور بنی اسرائیل کے لئے ہدایت لائے۔

طومار: لمبی چوڑی تحریر

طوق: گلوبند۔ گلے کا ایک زیور۔ حلقہ

طول: لمبائی

طی الارض: زمین کا لپٹ جانا' اولیاء اللہ کے لیے بسا اوقات زمین لپیٹ دی جاتی ہے اور وہ مہینوں کا سفر سیکنڈوں میں طے کرلیتے ہیں۔

طائرانِ قدس: پاک جان کا پرندہ۔ مراد حضرت جبرائیل علیہ السلام

(ظ)

ظرف: دانائی۔ زیرکی۔ برتن۔ حوصلہ

ظنی علوم: قیاسی علوم

ظریف: خوش طبع

(ع)

عاشورہ: محرم کی دسویں تاریخ

عاد: وہ عدد جو ایک معلوم عدد کو پورا تقسیم کردے۔ ایک قوم جس کے پیغمبر حضرت ہودؑ تھے۔

عالمِ ارواح: روحوں کا جہاں

عالمِ بالا: آسمان۔ عرش۔ بہشت کے عالی درجہ لوگوں کے رہنے کی جگہ

عالمِ سفلی: دنیا۔ زمین

عالمِ شہود: وہ عالم جس میں سب کچھ نظر آئے۔ تصوف کی اصطلاح

پائے استدلالیاں چوبیں بود
(عقلی، دلائل والوں کا پَیر لکڑی کا ہوتا ہے)

پائے چوبیں سخت بے تمکیں بود
(اور) لکڑی کا پَیر بہت کمزور ہوتا ہے

میں وہ حالت جس میں ہر چیز کے اندر خدا کا وجود نظر آئے۔

عالمِ صغیر: دنیا۔

عالمِ کبیر: آدمی کا جسم (اصطلاح تصوف میں)

عالمِ کون وفساد: دنیا

عالمِ خلق: یہ دنیا کہلاتی ہے جہاں اشیاء اپنے سارے مقدار کے ساتھ موجود ہیں۔

عالمِ مثال: وہ عالم ہے جو عالمِ خلق سے بالا ہے۔ وہاں اشیاء میں مقدار تو ہے مادہ نہیں ہے۔

عالمِ اَمر یا عالمِ رُوح: وہ عالم ہے جو عالمِ مثال سے بھی بالا ہے۔ وہاں اشیاء بغیر مادہ اور مقدار کے موجود ہیں۔

عالمِ ناسوت: فانی دنیا

عَبث: بے فائدہ۔ بلا وجہ۔ ناحق

عدن: بہشت جس میں آدم علیہ السلام کو رکھا گیا۔

عدیم المثال: بے مثل۔ بے نظیر۔

عُذر: بہانہ۔ حیلہ

عُریاں: ننگا۔ بے پرواہ۔ برہنہ

عُزّیٰ: ایک بت۔ عرب کا ایک درخت جسے کافر بتوں کی طرح پوجتے تھے۔

عُشر: شرعی اعتبار سے زمین کی پیداوار کا دسواں حصہ خیرات کرنا

عشقِ حقیقی: خداتعالیٰ کا عشق۔ محبت الٰہی

عطار: عطر فروش

عطارؒ: حضرت خواجہ فریدالدین عطارؒ 513ھ میں نیشاپور کے ایک صوبے میں پیدا ہوئے۔ فریدالدین لقب ہے۔ ابو حامد اور ابو طالب کنیت ہے۔ پورا نام محمد بن ابوبکر بن اسحاق ہے چونکہ آبائی پیشہ عطاری تھا۔ اس لیے تخلص کے طور پر عطار لکھتے تھے۔ وہ صرف ایک ادیب اور شاعر کی حیثیت سے ہی نہیں بلکہ علم تصوف اور علم اخلاق کے ایسے نامور اُستاد مانے گئے کہ جن کے اقوالِ زریں پر آج بھی اقوام عالم سر دھن رہی ہیں۔ انہوں نے تصوف کے گہرے اور نازک مسائل کو اس قدر بے تکلفی روانی اور سادگی سے ادا کیا ہے کہ نثر میں بھی اس سے زیادہ آسان ادائیگی ممکن نہ ہوئی۔ اسرار نامہ، الٰہی نامہ، مصیبت نامہ، شاہنامہ، پند نامہ، منطق الطیر اور تذکرۃ الاولیاء اُن کی مشہور کتابیں ہیں۔ مولانا رومؒ اُن کی عظمت و کمال کے انتہائی معترف تھے۔ اور فرماتے تھے: ''ما از پس سنائی و عطار آمدیم''

شیخ عطارؒ حضرت سیدنا مجدالدین بغدادیؒ کے مرید تھے اور شیخ مجدالدین بغدادیؒ حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ حضرت شیخ عطارؒ نے 625ھ بعمر 114 سال میں شہادت پائی۔ آپ کا مزار اقدس نیشاپور میں ہے۔

عِفت: پرہیزگاری۔ عصمت۔ پاکدامنی

عُقدہ کشائی: گرہ کھولنا۔ مشکل آسان کرنا۔ مسئلہ حل کرنا۔

عقلِ معاش: وہ عقل جو دنیاوی اُمور میں تیز اور آخرت سے نابلد ہو۔ اس کو عقلِ جزوی اور عقلِ ناقص بھی کہا جاتا ہے۔

عقلِ معاد: وہ عقل جو دینی اور اُخروی معاملات میں تیز ہو۔ اس کو عقلِ کل اور عقلِ کامل بھی کہتے ہیں۔

عِلت: بیماری۔ وجہ۔ عادتِ بد۔ نقص۔ الزام

علمِ احکام: وہ علم جو قانونِ کلی کی صورت میں انبیاء اور مرسلین کو دیا جاتا ہے

علم الیقین: کسی چیز کی کیفیت اور ماہیت سے پوری پوری آگاہی۔

علمِ لدنی: وہ علم جو کسی کو خدا کی طرف سے براہِ راست یعنی بغیر استاد کے حاصل ہو۔

علو: بلندی، برتری، رفعت

عَلوی: وہ شخص جو حضرت علیؓ کی نسل سے ہو مگر حضرت بی بی فاطمہؓ کے بطن سے نہ ہو۔

عِلوِی: فرشتہ۔ آسمانی ستارہ۔ اعلیٰ درجہ کا

عُلوِیّت: بلندی۔ رفعت

علیّین: بہشت کا نام۔ آٹھواں آسمان۔

علائق: بکھیڑے۔ تعلقات

عمرِ جاوداں: ہمیشہ کی زندگی

عندلیب: بلبل

عِند اللہ: اللہ کے نزدیک

عنبر: ایک خوشبودار چیز جو کہ سمندر میں ہوتی ہے۔

عنقا: سیمرغ۔ ایک فرضی پرندہ۔ نایاب چیز

عوارض: مرض۔ دکھ۔ بیماریاں

عہد و پیمان: قسما قسمی۔ اقرار۔ مدار۔ قول و قرار

عہدِ الست: ازل میں حضرت آدم علیہ السلام کی ذریت سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا: اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ "کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں" تو سب نے جواب میں کہا تھا: بَلٰی "کیوں نہیں"۔

عیب گیری: عیب ڈھونڈنا۔ حرف گیری۔ نکتہ

عینیت: اصل ذات یا اصل حقیقت

عین الیقین: کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا۔

(غ)

غنائیت: نغمے کی کیفیت۔ موسیقیت

غنچہ: کلی، شگوفہ

(ف)

فاعل: کام کرنے والا

فاعلِ حقیقی: خدائے تعالیٰ

فرات: میٹھا اور ٹھنڈا پانی۔ عراق کا مشہور میٹھے پانی کا دریا جو کوفہ کے قریب بہتا ہے۔

فراق: جدائی۔ ہجر۔ علیحدگی۔

فربہی: موٹائی۔ تناوری۔ جسم کی تناوری

فردوسی، حکیم ابوالقاسم فردوسی طوسی: فارسی زبان کے عظیم شاعر تھے۔ 940ء میں پیدائش ہوئی اور تقریباً 80-79 سال کی عمر پا کر 1020ء میں وفات ہوئی۔ ان کا مزار ایران کے صوبہ خراسان کے شہر طوس میں ہے۔

حس را تمییز دانی چوں شود
تجھے معلوم ہے حس کو تمیز کیسے حاصل ہوتی ہے؟

زانکہ حس ینظر بنور اللہ بود
جبکہ حس "وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے" بن جائے

فرطِ شوق: شوق کا غلبہ یا زیادتی

فرع: ٹہنی۔ شاخ۔ جس کی اصل کوئی اور چیز ہو

فرعون: یہ مصر کے بادشاہوں کا لقب ہوتا تھا

فروغ: روشنی۔ نور۔ چمک

فروعی: شاخیں۔ ڈالیاں۔ مذہبی اصطلاح میں وہ مسائل جو عمل سے متعلق ہوں۔

فرو: نیچے، زیرِ حکم، کم رتبہ

فروتنی: غریبی۔ عاجزی۔ مسکینی۔ تواضع

فرقان: حق و باطل میں فرق کرنے والا۔ قرآن مجید

فسخ: منسوخ کرنا

فسق و فجور: بدکاری۔ گناہ کاری

فدیہ: نقد معاوضہ، خون بہا، مال یا روپیہ جسے دے کر قیدی رہا ہو

فیل: ہاتھی۔

قابیل: حضرت آدم علیہ السلام کا بیٹا جس نے اپنے بھائی ہابیل کو اپنی بہن کے حسد میں مار ڈالا۔ (دیکھیے ہابیل و قابیل)

(ق)

قارورہ: شیشی، خاص طور پر وہ شیشی جس میں پیشاب جمع کر کے طبیب کو دکھایا جاتا ہے تاکہ وہ اُس کے معائنے سے مرض کی تشخیص کر سکے۔

قارون: ایک بہت ہی دولت مند انسان تھا۔ اُس کے چالیس خزانے تھے۔ جن کی چابیاں کئی اونٹوں پر اُس کے ساتھ موجود رہتی تھیں۔ یہ حضرت موسیٰ کا چچیرا بھائی تھا۔ حضرت موسیٰ نے اُسے بخل و ظلم سے مال جمع کرنے سے روکا اور زکوٰۃ دینے کے لیے کہا۔ اس پر یہ اُن کا مخالف ہو گیا اور آخر کار اپنے خزانوں سمیت تباہ و برباد ہو کر زمین میں غرق ہو گیا۔

قاضی القضاۃ: سب سے بڑا قاضی۔ چیف جسٹس

قبض: وہ کیفیت جس میں وارداتِ غیبی کے انقطاع کی وجہ سے روح کو ایک تنگی اور گرفتگی محسوس ہوتی ہے۔

قبطی: فرعون کی قوم کا فرد قبط کی اولاد مصر کے اصلی باشندے

قُباد: ایک کیانی (ایرانی) بادشاہ کا نام

قبیح: قباحت والا۔ بُرا۔ نازیبا۔ بدصورت

قدح: ہجو، عیب گوئی، تردید، بُرا بھلا کہنا

قدریہ: تقدیر کا منکر فرقہ۔ یہ بندہ کو اپنے افعال پر قادرِ مطلق مانتے ہیں۔

قریش: عرب کا جلیل القدر اور معزز قبیلہ جو نضر بن کنانہ کی اولاد سے ہے۔ رسول کریمؐ اسی قبیلہ سے ہیں۔

قساوتِ قلبی: سنگ دلی۔ دل کی بے رحمی

قصاص: بدلہ، جزا، خون کا بدلہ خون

قضا و قدر: وہ حکم جو اللہ نے کائنات کی نسبت روزِ ازل سے لگا دیئے ہیں۔ تقدیرِ الٰہی۔ رضائے الٰہی

قندیل: شیشے کا وہ برتن (فانوس) جس میں چراغ روشن کر کے چھت میں زنجیر سے لٹکا دیتے ہیں۔

یک نشانِ آدمؑ آں بُد از ازل
حضرت آدم علیہ السلام کی ایک نشانی یہ تھی

کہ ملائک سر نہندش از محل
کہ فرشتے اُن کے سامنے سر جھکا دیں

قوام: قیام۔ ٹھہراؤ۔ نظام۔ چاشنی۔ شیرہ۔ اصل۔ مادہ خمیر
قیاس: جانچ۔ اندازہ۔ دو جملوں سے مرکب قول جس سے نتیجہ لازم آئے۔ قیافہ
قیوم: قائم رہنے والا۔ مستحکم۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
قیل وقال: بحث ومباحثہ

(ک)

کارساز: کام بنانے والا۔ صانع۔ قادر مطلق
کارگاہ: کام کرنے کی جگہ۔ کارخانہ
کافور: ایک نہایت تیز خوشبودار اور تلخ ذائقہ کا سفید مادہ جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
کبر: بزرگی، غرور
کبر: بڑھاپا، پیری
کثافت: گاڑھاپن۔ موٹائی۔ غلاظت
کج بیں: ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ بدباطنی
کج روی: ٹیڑھی چال چلنا۔ اُلٹے راستے پر چلنا
کج فہم: ناسمجھ، اُلٹی رائے
کجی: ترچھاپن، خمیدگی، ٹیڑھاپن
کدو: کدو (سبزی) کو خشک کر کے اُس کے اندر سے گودا نکال کر اُس میں شراب بھر لیتے ہیں
کردگار: خالق، خدا تعالیٰ
کر وفر: شان وشوکت۔ دھوم دھام

کسبی: پیشہ ور۔ دستکار۔ اپنی کوشش سے حاصل کیا ہوا مال۔ فاحشہ عورت
کسوف: گرہن
کسوٹی: وہ پتھر جس پر سونے کا کس (خالص پن) دیکھتے ہیں۔
کشف وشہود: ظاہر کرنا۔ پردہ اُٹھانا۔ غیب کی باتوں کا اظہار
کُرہ: گیند، ہر گول۔ چیز
کاریز: کھیتوں کو پانی دینے کے لیے زیر زمین نالی
کفران: ناشکری۔ ناسپاسی
کفرانِ نعمت: نعمت کی ناشکری
کلفت: رنج۔ تکلیف۔ کدورت۔ رنجش
کلیات: ایک ہی شخص کی منظومات یا تصنیفات کا مجموعہ۔
کلیلہ دمنہ: کلیلہ اور دمنہ دو فرضی گیدڑوں کے نام ہیں، جن کی زبانی بہت نصیحت آموز قصے کہانیاں نقل کی گئی ہیں۔ یہ اصل کتاب سنسکرت میں تھی۔ پھر اس کا فارسی ترجمہ ہوا اور پھر خلیفہ ہارون الرشید نے فارسی سے عربی میں منتقل کروائی۔
کماحقہٗ: ٹھیک ٹھاک۔ بخوبی۔ جیسا اس کا حق ہے۔
کن فکاں: ہو جا۔ پس وہ ہو گئی۔ مجازاً دنیا۔ مخلوقات کائنات
کنعان: حضرت نوحؑ کا بیٹا جس نے آپؑ کی کشتی میں بیٹھنے سے انکار کیا اور طوفان سے بچاؤ کے لیے پہاڑ کی چوٹی کی طرف بھاگا اور طوفان کی نذر ہو گیا۔
کوتاہ عقل: کم عقل

یک نشانِ دیگر آں کہ آں بلیس
دُوسری نشانی یہ تھی کہ ابلیس نے

نہ ہد شش سر کہ منم شاہ و رئیس
سر نہ جھکایا، اکڑ کر کہا کہ میں اعلیٰ ہوں

کوتاہ اندیش: بے سوچے سمجھے کام کرنا۔ عاقبت نااندیش۔ کم فہم۔
کوتاہ عقل: کم عقل
کور چشم: اندھا' نابینا
کوڑی: ایک قسم کا چھوٹا سنکھ جو ادنیٰ سکے کا کام دیتا ہے۔ روپیہ۔ مقدار قلیل۔ کناری کی نوک۔ دمڑی۔ پائی
کوزہ: ڈونگا۔ مصری کے گول گول ڈلے۔ مٹی کا برتن۔
کہربا: ایک پتھر جو گھاس کے تنکے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔
کہکشاں: ایک لمبی سفیدی ہے جو راستہ کی صورت میں نظر آتی ہے۔ موسم برسات میں سرِ شام نظر آنے لگتی ہے۔ اُس کا ایک سرا جنوب کی جانب اور دوسرا شمال کی جانب ہوتا ہے۔
کیمیا: وہ عمل جس سے قلعی' تانبے وغیرہ کو چاندی' سونا بنا دیا جاتا ہے۔
کھلیان: وہ جگہ جہاں اناج کا ڈھیر لگاتے ہیں

(گ)

گال: رخسار۔ ایک قسم کا تمباکو۔ لقمہ۔ گالی
گت: حالت۔ کیفیت۔ طرز۔ زدوکوب۔ سر۔ نغمہ۔ عیاری
گردان: ترتیب کے مطابق صیغوں کا دہرانا۔ پھراؤ
گردُوں: آسمان' فلک
گرز: ایک ہتھیار جو اوپر سے گول' موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے۔
گریاں: روتا ہوا' رونے والا
گریہ: رونا۔ پیٹنا۔ آہ وزاری کرنا

گفتار: بول چال۔ گفتگو۔ قول۔ مقولہ
گفتنی: کہنے کے لائق۔ بیان کرنے کے قابل
گلستان: شیخ سعدیؒ کی فارسی نثر میں تصنیف۔ اس کا بنیادی موضوع اخلاق اور پند و نصائح ہے۔ شیخ سعدیؒ کے زمانے سے آج تک عالم اسلام کے مدارس کے سلیبس میں شامل ہے۔ فصاحت و بلاغت' حسن و بیان اور لطف ادا کے لحاظ سے تمام فارسی ادب میں بے مثل اور لاجواب ہے۔ اسی لیے دنیا کی ہر زندہ قوم نے گلستان کا اپنی زبان میں ترجمہ کیا ہے۔
گلقند: ایک دوا جو گلاب کے پھولوں کو شکر میں ملا کر بناتے ہیں
گلال: ایک قسم کا سرخ سفوف۔
گنجِ رواں: قارون کا خزانہ جو روایت کے مطابق زمین میں دھنستا جا رہا ہے۔ وہ خزانہ جو کبھی خالی نہ ہو۔
گنجینہ: خزانہ' دفینہ
گم گشتہ: کھویا ہوا' بھولا ہوا' بھاگا ہوا
گورخر: جنگلی گدھا
گوکھرو: ایک کانٹا جو سہ گوشہ ہوتا ہے

(ل)

لاثانی: بے مثل۔ بےنظیر۔ یگانہ۔ یکتا
لاف زنی: شیخی۔ خودستائی۔ تعلّی
لامکاں: وہ مکان جس میں مکانیت کی تخصیص نہ ہو۔ عالمِ قدس۔ اللہ کی تعریف کا کلمہ۔

لاہوت: تصوف میں مقامات کا وہ درجہ جہاں سالک کو فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے

لحن داؤد: جب حضرت داؤدؑ خوش الحانی سے دورانِ وعظ زبور پڑھتے تو انسان وحیوانات پر بے خودی کا عالم طاری ہو جاتا اور سینکڑوں سننے والے وجد میں آ کر بے ہوش وجاں بحق ہو جاتے

لطائفِ ستہ: چھ لطیفے روح، نفس، قلب، سِر، خفی، اخفی۔ سالک اپنے جسم کے ان مقامات کو ذاکر وشاغل بناتا ہے

لطافت: عمدگی۔ خوبی۔ سرگرمی

لعل: سرخ رنگ، جواہر

لعین: لعنتی۔ مردود۔ بدبخت۔ جہنمی

لغت: فرہنگ۔ زبان۔ لفظ۔ وہ کتاب جس میں الفاظ اور اُن کے معنی ومطالب وغیرہ درج ہوں

لقائے دوست: دوست کا دیدار یا ملاقات

لوازمات: ضروری چیزیں، اسباب

لیلیٰ: عرب کی مشہور معشوقہ کا نام جو قیس یعنی مجنوں کی محبوبہ تھی

لئیم: ناکس۔ کنجوس

(م)

مراقب: مراقبہ کرنے والا، منتظر، گردن

مال وجاہ: دولت اور عزت

مانع: منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ ممانعت۔ اٹکاؤ

ماہیت: حقیقت۔ کیفیت

مبدا: شروع ہونے کی جگہ۔ آغاز۔ ابتداء

مُبدِع: نئی چیز پیدا کرنے والا۔ بے مادہ بنانے والا۔ اللہ تعالیٰ

مبرّہ: پاک۔ بری۔ صاف۔ بے عیب۔ منزہ

مبغُوض: بغض کیا گیا۔ دشمن رکھا گیا۔ قابل نفرت

مبہوت: حیران۔ متحیر۔ ہکا بکا۔

متجلّی: روشن، چمکدار

متشکّل: شکل اختیار کرنے والا، صورت قبول کرنے والا

مُتّصِل: اتصال رکھنے والا۔ قریب۔ برابر۔ ملنے والا

مُتردِّد: تردد کرنے والا۔ فکرمند۔ پریشان

متصرف: قبضہ کرنے والا۔ قابض

مُتّصف: صفت رکھنے والا

مُتعیّن: تعین کیا ہوا۔ مقرر کیا ہوا۔

مُتّفق علیہ: جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔ سب کی رائے اور مرضی کے مطابق

متّہم: جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔

مثنوی: دو دو والا۔ نظم کی ایک قسم۔ جس میں کوئی مسلسل بات بیان کی جاتی ہے۔ اس میں ہر شعر کا قافیہ جدا لیکن ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور اشعار کی تعداد مقرر نہیں ہوتی۔

مجنوں: عرب کے مشہور عاشق قیس عامری کا لقب ہے۔

مجتہد: وہ شخص جو قرآن وحدیث میں مذکورہ احکام سے اُن چیزوں پر حکم لگاتا ہے۔ جن کا حکم قرآن وحدیث میں موجود نہیں ہے اُس

کے پاس اگر کوئی قرآن کی آیت یا حدیث بطور نص (قطعی حکم) کے موجود ہوتی ہے تو وہ اُس کے ذریعے سے حکم بیان کرتا ہے۔ ورنہ کسی نص پر قیاس کرکے حکم جاری کرتا ہے۔ پیشوائے مذہب

مجرد: اکیلا۔ تنہا۔ وہ شے جو مادہ سے پاک ہو۔ سیاسی۔ تارک الدنیا

مجروح: زخمی۔ گھائل۔ چوٹ کھایا ہوا

مُحاسب: علم حساب سے واقف۔ حساب داں۔ پڑتال کرنے والا

محبوس: حبس میں رکھا گیا۔ اسیر۔ زندانی۔ مقید

محکم: مضبوط

مخزن: خزانہ کی جگہ۔ خزانہ۔ گودام

محقق: تحقیق کرنے والا۔ وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے۔

محل: منزل۔ موقع۔ بادشاہوں نوابوں کا مکان۔ قصر ایوان۔ ملکہ

محمود: تعریف کیا گیا۔ سراہا گیا۔ رسول کریمؐ کا صفاتی نام

محواور فنا: وہ کیفیت جس میں سالک اپنی ہستی کو مٹا دے

محمول: حمل کیا گیا۔ لادا گیا۔ ظن کیا گیا

مخدوم: خدمت کیا گیا۔ قابلِ تعظیم۔ بزرگ۔ آقا۔ مالک

مخفی: چھپی ہوئی۔ پوشیدہ۔ خفیہ

مدظلہٗ۔ مدظلہ العالی: خدا اُس کا سایہ عاطفت ہمیشہ قائم رکھے۔

مدح: تعریف۔ توصیف۔ وہ نظم جس میں کسی کی تعریف کی جائے۔

مُدرِکہ: عقل و ذہن

مُدّعی: دعویٰ کرنے والا۔ مستغیث۔ رقیب

مُدّعا علیہ: وہ شخص جس پر دعویٰ کیا جائے

مُدّعا: مطلب۔ مقصد۔ ارادہ۔ مالِ مسروقہ

مُربّی: پرورش کرنے والا۔ سرپرست

مُرتاض: ریاضت کرنے والا۔ علم وہنر یا تصوف میں مشقت اٹھانے والا۔

مرجان: مونگا' چھوٹا موتی

مرغِ دل: حرکت کرنے کی وجہ سے دل کا مرغ کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔

مرغزار: چمن

مراقبہ: غیر اللہ سے توجہ ہٹا کر حضورِ دل کے ساتھ خدا کی طرف متوجہ ہونا

مسبوق: سابق۔ گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ اصطلاح فقہ میں وہ شخص جو ایک یا کئی رکعتیں فوت ہو جانے کے بعد نماز میں شامل ہو۔

مستجاب: قبول کیا گیا' مانا گیا

مستغرق: غرق شدہ۔ ڈوبا ہوا

مستقر: ٹھکانا

مستور: پوشیدہ

مَسدُود: بند کیا گیا۔ روکا گیا۔ بند۔ رُکا ہوا

مسرتِ فردا: آنے والی خوشی۔ مستقبل کی شادمانی

مستغنی: آزاد۔ بے پروا

مسلوب العقل: جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں۔ دیوانہ۔ پاگل

ہر کہ با اہلِ کساں شُد فسق جُو
جو شخص دوسروں کی بیویوں سے فسق کرتا ہے وہ دیوث ہے

اہلِ خود را داں کہ قوّادست اُو
دراصل وہ چاہتا ہے دوسرے لوگ اسکی بیوی سے فسق کریں

مسیلمہ کذاب: اس نے یمامہ میں نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا اور کچھ لوگ اُس کے پیروکار بن گئے۔ یہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں حضرت وحشیؓ کے ہاتھوں واصل جہنم ہوا۔

مُسہل: وہ دوا جس سے دست آئیں

مشاطہ: وہ عورت جو عورتوں کا بناؤ سنگھار کرے۔ وہ عورت جو شادی کروائے

مسجد الحرام: مکہ معظمہ میں بیت اللہ کے چاروں طرف کا ایک خاص علاقہ مسجد حرام کہلاتا ہے۔ رسول کریمؐ کے زمانہ مبارک میں اس کی کوئی خاص چہار دیواری نہ تھی۔ حضرت عمرؓ نے اپنے دور میں اُس کے اندر کی آبادی کو منتقل کر کے چہار دیواری بنوائی اور پھر مختلف ادوار میں اس کی توسیع ہوتی رہی۔

مسجد اقصیٰ: یہ مسجد بیت المقدس میں واقع ہے۔ رسول کریمؐ کی معراج یہاں سے ہی شروع ہوئی تھی۔ ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ پہنچ کر آپؐ نے ۱۶، ۱۷ مہینے اس کی طرف رُخ کر کے نمازیں پڑھیں۔ اسی وجہ سے اس کو قبلہ اولیٰ یا قبلہ اول بھی کہا جاتا ہے۔ بنی اسرائیل کا ہمیشہ یہی قبلہ رہا ہے۔ حضرت داؤدؑ کے بعد حضرت سلیمانؑ نے اسی جگہ ہیکل کی تعمیر کی تھی۔ حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں بیت المقدس کا علاقہ اسلامی ریاست میں شامل ہوا تھا۔

مُشتاق: آرزومند۔ خواہشمند۔ خواہاں۔ منتظر

مُشتِ خاک: مٹھی بھر خاک یعنی انسان

مُشک: وہ خوشبودار سیاہ رنگ کا مادہ جو تبت، نیپال اور ختن میں ایک خاص قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے۔ کالا سیاہ۔ کستوری

مَشیّتِ ایزدی: اللہ کی مرضی۔ حکمِ الٰہی۔ تقدیرِ الٰہی

مصفّی: صاف کرنے والا

مصنوع: صفت کیا ہوا، بنایا ہوا

مِضراب: ستار بجانے کا چھلا

مُضرت رساں: نقصان پہنچانے والا

مُضرت: نقصان۔ زیاں۔ ضد

مُضطر: تکلیف میں مبتلا۔ بے بس۔ پریشان

مضمحل: محو ہونے والا۔ دبلا پتلا۔ اداس۔ دلگیر

مطاف: خانہ کعبہ کے گرد طواف کرنے کی جگہ

مطبخ: کھانا پکانے کی جگہ۔ باورچی خانہ

مُطرِب: خوش کرنے والا۔ گانے والا

مُطلق: بے قید۔ آزاد۔ قرآن کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا چاہیے۔

مظاہر: ظاہر ہونے کی جگہیں

مظہر: ظاہر ہونے کی جگہ۔ جائے ظہور۔ تماشا گاہ۔

مظہرِ اتم: ظاہر ہونے کی سب سے اچھی جگہ

مُعارِف: معرفت کی جمع

معاصی: جرم۔ گناہ

معترض: اعتراض کرنے والا۔ روک ٹوک کرنے والا

معتزلہ: یہ فرقہ واصل ابن عطا کا پیرو ہے۔ ان کے عقائد ہیں کہ قرآن مخلوق ہے۔ بندہ اپنے افعال کا خالق ہے۔ تقدیر کا عقیدہ غلط

زاں کہ مثلِ آں جزای آں شود
کیونکہ ہر عمل کا بدلہ اُس کی مثل ہوتا ہے

چوں جزای سیئہ مثلش بود
تو بُرائی کا بدلہ بھی اُسی جیسا ہوتا ہے

ہے۔ گناہِ کبیرہ کرنے والا مومن نہیں اور خدا کی صفات نہیں ہیں

معدوم: مٹایا گیا۔ نیست کیا گیا۔ فنا کیا گیا۔ نابود

معرفت: شناخت۔ علم الٰہی۔ قانونِ قدرت یا فطری اشیاء سے واقفیت۔ خداشناسی۔

مُعرّیٰ (مُعَرّا): برہنہ، سادا، کھلا، پاک، بلاترجمہ قرآن پاک، سادہ نثر

معصیت: گناہ، قصور، نافرمانی

معلم الملکوت: فرشتوں کا استاد۔ شیطان جس کی بابت مشہور ہے کہ فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا۔

معنوی: معنیٰ سے منسوب۔ اصلی۔ اندرونی۔ باطنی

معیت: ساتھ۔ ہمراہی

معیتِ حق: مخلوق کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی معیت اور یہ دو طرح کی ہے۔

معیتِ عامہ: حق تعالیٰ کی یہ معیت تمام مخلوق کے ساتھ ہے خواہ وہ کافر ہو یا مومن

معیتِ خاصہ: یہ معیت صرف صالحین اور عارفین کو حاصل ہوتی ہے۔ یہ ایسی ہی ہے کہ جیسے محبوب کی معیت محب کے ساتھ

مُغالطہ: دھوکا۔ فریب۔ بھول چوک

مغائرت: غیریت۔ اجنبیت۔ ناموافقت

مُغائر: ناموافق۔ مخالف

مفقود: کھویا ہوا۔ ناپید۔ غائب۔ ندارد

مقتدر: اقتدار رکھنے والا۔ طاقتور

